## سوال

(407) بلاعذر بیٹھ کر امامت کرانا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بلاعذر بیٹھ کر امامت کرانا جائز ہے یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بلاعذر بیٹھ کر امامت کرانا قطعاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں امام خطابی رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

'الفَرضُ لَاجَوَازَلَہٗ قَاعِدًا، وَالمُصَلِّی یَقدِرُ عَلَی القِیَامِ' المرعاة : ۱۹۶/۲

یعنی فرض نماز بیٹھ کر پڑھنا ناجائز ہے، جب کہ نمازی قیام پر قادر ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**کتاب الصلوٰۃ : صفحہ : 366**

محدث فتویٰ